Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. 07

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

وقت: 20منٹ

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی؟

الف۔ بی اے　ب۔ ایم اے تاریخ　ج۔ ایم اے انگریزی ادب　د۔ ایم اے اردو ادب

(ii) سید احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟

الف۔ 1821ء　ب۔ 1831ء　ج۔ 1841ء　د۔ 1857ء

(iii) حسن نظامی نے دلی کے جو نوحے لکھے، ان میں کون سی چیز نمایاں ہے؟

الف۔ عظمت رفتہ　ب۔ احساسِ شادمانی　ج۔ عید کا ذکر　د۔ لطف و مسرت

(iv) مصنف کا کون سا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے؟

الف۔ احمد مرزا　ب۔ شاکر صاحب　ج۔ قرض خواہ دوست　د۔ محمد تحسین

(v) سبق "طمع" اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

الف۔ داستان　ب۔ افسانہ　ج۔ مضمون　د۔ ناول

(vi) گدلا پانی پودوں کے لیے ________ تھا۔

الف۔ ضرر رساں　ب۔ بے سود　ج۔ مفید　د۔ آبِ حیات

(vii) میر مہدی مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟

الف۔ میر مجروح　ب۔ میر نصیر الدین　ج۔ میران　د۔ شاہ محمد عظیم

(viii) فاطمہ بوقتِ شہادت کس فرض کی ادائیگی میں مصروف تھی؟

الف۔ پانی پلانے میں　ب۔ مرہم پٹی کرنے میں

ج۔ مریضوں کی دیکھ بھال کرنے میں　د۔ نماز پڑھنے میں

(ix) کسان کی انگلیاں دن کے وقت کہاں رہتی ہیں؟

الف۔ ہل کی ہتھی پر　ب۔ حقے کی نے پر　ج۔ خاک کی نبض پر　د۔ بانسری پر

(x) نظم "مال گودام روڈ" کس شاعر نے لکھی ہے؟

الف۔ جمیل الدین عالی　ب۔ دلاور فگار　ج۔ محمود سرحدی　د۔ ضمیر جعفری

(xi) شاعر نے کس چیز کو رہنما ٹھہرایا ہے؟ (بحوالہ غزل حسرت)

الف۔ وصلِ محبوب　ب۔ محبوب کی تمنا　ج۔ واعظ کی نصیحت　د۔ غم روزگار

(xii) فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟

الف۔ محبوب کی خوش قامتی سے　ب۔ محبوب کی خوش ادائی سے　ج۔ محبوب کی انگڑائی سے　د۔ محفل آرائی سے

(xiii) باپ نے کہا "میرا بیٹا رستم ہے۔" ________ کی مثال ہے۔

الف۔ تشبیہ　ب۔ مجازِ مرسل　ج۔ استعارہ　د۔ کنایہ

(xiv) اگر غزل کے آخری شعر میں تخلص موجود نہ ہو تو وہ شعر مقطع نہیں ہوگا بلکہ ________ ہوگا۔

الف۔ مطلع　ب۔ آخری شعر　ج۔ حسنِ مطلع　د۔ مطلع ثانی

(xv) بے جان اسموں کی تذکیر و تانیث کے سلسلے میں ________ کی گفتگو سند قرار پاتی ہے۔

الف۔ اہلِ زباں　ب۔ اہلِ نظر　ج۔ اہلِ کتاب　د۔ اہلِ قلم

Result.pk

Result.pk

# اُردو (لازمی) - ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر ۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (15x2=30)

(i) میر صاحب اور اُن کی بیوی، سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(ii) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(iii) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔

(iv) نام دیو نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟

(v) علی بخش کے کردار کی چند نمایاں خوبیاں لکھیں۔

(vi) ایا صوفیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصراً تحریر کیجیے۔

(vii) مرزا غالب نے میر مہدی حسین مجروح کو خط بیرنگ کیوں بھیجا؟

(viii) اللہ تعالیٰ نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟ (بحوالہ نظم: حمد)

(ix) فاطمہ کو "راکھ میں دبی ہوئی چنگاری" کیوں کہا گیا ہے؟

(x) نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟ (بحوالہ نظم: کسان)

(xi) نظم "اونٹ کی شادی" کے آخری شعر میں شاعر نے کس ضرب المثل کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(xii) مال گودام روڈ پر گھوڑوں پر کیا بیتی؟

(xiii) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔

(xiv) شاعرہ ادا جعفری کس بات پر نازاں ہیں؟

(xv) مضمون کی تعریف لکھیے۔

(xvi) درج ذیل شعر میں ردیف اور قوافی کی نشان دہی کیجیے:

پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے
اجل مر رہی تُو کہاں آتے آتے

(xvii) مجازِ مرسل کی تعریف کیجیے اور ایک مثال سے وضاحت کیجیے۔

(xviii) "کلیجے پر پتھر رکھنا" اور "ماتھا ٹھنکنا" کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے۔

(xix) درج ذیل جملے کی ترکیبِ نحوی کیجیے اور بتائیے یہ کس قسم کا جملہ ہے؟

رافعہ اور مومنہ کتابیں خریدنے گئیں۔

ب۔ "جس کا کام اُسی کو ساجھے" کے موضوع پر کہانی تحریر کریں۔



Result.pk

الف۔ ”1930ء میں مسلم لیگ کے الٰہ آباد والے اجلاس میں علامہ اقبال نے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن (پاکستان) بنانے کی تجویز پیش کی۔ چار سال کے بعد جب قائداعظم محمد علی جناحؒ نے مسلم لیگ کی صدارت کا مستقل طور پر عہدہ قبول کیا تو اُنھوں نے اِس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش شروع کر دی۔ آخر کار 23 مارچ 1940ء کو اُنہوں نے لاہور کے اجلاس میں واضح طور پر اعلان کر دیا کہ جن علاقوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے، وہاں ایک آزاد مسلم ریاست قائم کی جائے۔ اِس اعلان کو ”قراردادِ پاکستان“ کہتے ہیں، جس کی رُو سے مسلمانوں کی آزاد اور خود مختار حکومت قائم کرنے کا فیصلہ ہوا۔“

ب۔ ”دیکھو، پرانی دوستی کا واسطہ دیتا ہوں، مجھے اِس وقت ضرورت ہے، تھوڑا سا روپیہ قرض دے دو۔“ کیا اس کے احباب وقت بے وقت اسے دعوتوں اور جلسوں میں کھینچ کر نہیں لے جاتے۔ کیا کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ اسے نیند کے جھونکے آرہے ہوں مگر یار دوستوں کا مجمع ہے، جو قصے پر قصہ اور لطیفہ پر لطیفہ کہہ رہے ہیں اور اُٹھنے کا نام نہیں لیتے؟ کیا اِسے دوستوں کے خطوں کا جواب نہیں دینا پڑتا؟ کیا اس کے پیارے دوست کی تصنیف کی ہوئی کوئی کتاب نہیں، جو اسے خواہ مخواہ پڑھنی پڑے اور ریویو لکھنا پڑے؟ کیا اُسے احباب کی وجہ سے شور مچانا اور ہُوحق کرنا نہیں پڑتا؟ کیا دوستوں کے ہاں ملاقات کو اُسے جانا نہیں پڑتا؟ اگر نہ جائے تو کوئی شکایت نہیں کرتا۔“

**سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
گرداب پر تھا شعلۂ جوّالہ کا گُماں
انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں
منھ سے نکل پڑی تھی ہر اک موج کی زباں
تہ پر تھے سب نہنگ، مگر تھی لبوں پہ جاں

ب۔
دو عالم کا امداد گار آ گیا ہے
امین آ گیا، غم گُسار آ گیا ہے
غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دِل کو
سکوں ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے

**سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گُنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

ب۔
آدمی آدمی سے مِلتا ہے
دل مگر کم کسی سے مِلتا ہے

ج۔
رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شانِ رنگینیِ حُسنِ چمن آرا بھی نہیں

Result.pk

**سوال نمبر۶: دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** (10)

الف۔ برسات کا موسم

(i) پاکستان میں موسموں کی تعداد۔ برسات کی مدت
(ii) بادل، بجلی، گرج چمک، کیچڑ، جانداروں پر اثر
(iii) گھروں کے پکوان، جھولے، گیت، خوشی اور جوش، بارش میں نہانا
(iv) جانوروں کی آوازیں، ترکاریاں، پھل، پھول
(v) نقصانات، سیلاب، گندگی، مچھر، پتنگے، زہریلے کیڑے، بیماریاں

ب۔ میرا پسندیدہ شاعر

(i) سوانح، خاندانی پس منظر، ذاتی حالات
(ii) شاعری، شاعرانہ خصوصیات
(iii) اُردو شاعری میں انفرادیت، وجوہات
(iv) تصانیف، کتابیں
(v) پسندیدگی کی وجہ

----- 2SA 1903 -----